سوال

"گردہ" کھانے کا حکم

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

السلام علیکم میرا سوال یہ ہے کی کیا ہم "گردہ" کھا سکتے ہے ؟ کچھ لوگ کہتے ہیں کہ گردے میں پشاب جمع رہتا ہے اسلئے اسے کھانا حرام ہوتا ہے ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

جن جانوروں کا گوشت کھانا جائز ہے ان کے گردے کھانا بھی جائز ہے ،انکی ممانعت کی کوئی دلیل موجود نہیں ہے ۔ہاں البتہ اگر اطباء کسی حصے کے گوشت کو مضر صحت قرار دے دیں تو اس سے اجتناب کرنا چاہئے ۔کیونکہ ارشاد باری تعالی ہے ۔

ولاتلقوا بایدیکم الی التھلکة

تم اپنے آپ کو ہلاکت میں نہ ڈالو

ھذا ما عندی واللہ أعلم بالصواب

محدث فتویٰ کمیٹی

دارالافتاء محدث